Civics - FA Part 1 Civics Urdu Medium Chapter 8 Short Questions Preparation

Q1. دستور کا تحریری ہونا کیوں ضروری ہے؟

Ans 1: دستور ریاست اور عوام کے تعلقات ،عوام کےحقوق اور خصوصاً حکومت کے تینوں شعبوں کی ساخت اور باہم تعلقات کی وضاحت کرتا ہے.وفاقی نظام حکومت میں اختیارات دستور کی رو سے ،رکزری اور صوبائی حکومتوں میں تقسیم کیے جاتے ہیں،ان امورکو اگر ضبط تحریر میں نہ لایا جائے تو الجھنیں پیدا ہو سکتی ہیں.اس لیئےضروری ہے کہ دستور تحریری شکال میں موجود ہو.

Q2. ہنگامی حالات میں کونسا دستور موثر ثابت ہوتا ہے.لچکدار یا غیر لچکدار؟

Ans 1: لچکدار دستور میں یہ خوبی پائی جاتی ہے کہااسے حالات کے مطابق تبدیل کیا جاسکتا ہے.لوگوں کی ضروریات کو پوری کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں قوم کو حکومت مناسب طور پر عہدہ براء ہوتی ہے.

Ans 2: غیر لچکدار دستور میں ہنگامی حالات سے نپٹنے میں دشواری ہوتی ہے،دستور کو آسانی سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا اسے لیے مسائل بروقت حل نہیں ہوتے.

Q3. دستور کا غیر لچکدار ہونا کیوں ضروری ہے؟

Ans 1: دستور میں آسانی سے ترمیم کرنا ممکن نہ ہوتو نظام صیح ڈگر پر چلتا رہتا ہے.اگر دستور میں تبدیلیاں لانے میں حکمران سہولت ہو تو وہ اسے اپنے مفادات کے تحت ڈھالتی رہے گی.ہر آنے والی حکومت اسے اپننے مطابق ترتیب دیتی رہے گی.دستور بنیادی برتر قانون ہے اسے پائیدار ہونا چاہیئے.

Q4. فائز کے نزدیک دستور کیا ہے؟

Ans 1: فائز کے نزدیک "بنیادی سیاسی اداروں کا نظام دستور کہلاتا ہے".

Q5. غیر تحریری دستور کیسے وجود میں آیا؟

Ans 1: غیر تحریری دستور کسی قانون ساز اسمبلی یا کسی فرد نے کسی ایک مدت میں تشکیل نہیں دیا ہوتا بلکہ یہ مسلسل ارتقائی منازل طے کرتا ہے اور عصری تقاضوں کے مطابق خود بخود ڈھلتا جاتا ہے.

Q6. ہنگامی حالات میں کونسا دستور بہتر ہے؟تحریری یا غیر تحریری.

Ans 1: تحریری دستور ہنگامی حالات میں غیرموثر ہو جاتا ہے.فوری اقدامات کے لیے آئین میں جلد تبدیلی نہیں کی جا سکتی جو قوم اور ملک کی ترقم میں کاوٹ کا باعث بنتا ہے،حکومت کی مفید پالیسیاں بھی رائج نہیں ہو پاتیں،اپوزیشن دستور کا سہارا لے کر حکومتی جماعت کو بہتر فیصلے کرنے میں مشکلات پیدا کر سکتی ہے.

Q7. دو نکات کا حوالہ دے کر تحریری اور غیر تحریری دستور میں فرق بیان کریں.

Ans 1: 1.. تحریری دستور ایک مخصوص دور اور ایک معینہ مدت میں تشکیل دیا جاتاہے جبکہ غیر تحریری دستور سال با سال کیا صدیوں کے عمل کا نتیجہ ہوتا ہے. 2.تحرری دستور زیادہ واضح اور غیہر مبہم ہوتا ہے جبکہ غیر تحریری ایسا نہیں ہوتا .

Q8. غیر تحریری دستور کے لیے کس عنصر کا ہونا بہت ضروری ہے؟

Ans 1: ??? ?????? ????? ?? ??? ??? ??? ???? ?????? ?? ???? ??? ????? ????? ?? ???? ????? ???? ?????.??????? ??? ?? ????? ?? ?? ?????? ???? ??.

Q9. تحریری اور غیر تحریری دستور میں بنیادی کیا فرق ہے؟

Ans 1: تحریری دستور باقاعدہ دستاویزات کی شکل میں ہوتا ہے جبکہ غیر تحریری دستور باقاعدہ کتابی شکل میں موجود نہیں ہوتا.

Q10. لچکدار دستور کے لیے سیاسی شعور کیوں ضروری ہے؟

Ans 1: ترقی پذیر اور نو آزاد ممالک جن کے عوام میں سیاسی شعور کم ہو اور جو نظام حکومت کے تقاضوں سے پوری طرح آشنا ہوں،بہتر ہے کی غیر لچکدار دستور ہو.اگر لچکدار دستور ایسے ملک میں آزمایا جائے تو عوام کے جذباتی اور شعوری کمی پر مبنی فیصلے پوری قوم اور ملک کے لیے نقصان دہ ہو سکتے ہیں.لچکدار دستور میں وہ وقتی جذبات سے مغلوب ہو کر نامناسب اقدام اٹھا لیتے ہیں.
